Consumer and Worker Protection

URDU

*یہ اشاعت 14 مئی تک کی معلومات پر مشتمل ہے۔*
*براہ کرم nyc.gov/dcwp پر بھی نگاہ رکھیں۔*

**اپنے عزیز و اقارب کو گنوانے والے نیو یارک کے باشندوں کے لیے اہم معلومات:**

# COVID-19 کے دوران آخری رسوم کی منصوبہ بندی

COVID-19 نے بنیادی طور پر ہمارے عزیز و اقارب کے سوگ منانے کے انداز کو تبدیل کر دیا ہے، جس میں آخری رسوم کے انتظامات بھی شامل ہیں۔

COVID-19 کا شہر پیما معلومات کا پورٹل آخری رسم اور تدفین سے متعلق رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ یہ خصوصی اشاعت اضافی اہم معلومات پر مشتمل ہے۔

## نیو یارک سٹی میں تجہیز خانہ تلاش کرنا

تجہیز خانہ تلاش کرنے کے لیے ملاحظہ کریں:

- nysfda.org پر نیو یارک اسٹیٹ کا فونرل ڈائریکٹرز ایسوسی ایشن (Funeral Directors Association)
- health.ny.gov پر نیو یارک اسٹیٹ محکمہ صحت (New York State Department of Health)

*اہم بات:*

- صرف لائسنس یافتہ فونرل ڈائریکٹرز ہی متوفی فرد کی نگہداشت، منتقلی کی تیاری اور تدفین یا میت سوزی کے انتظامات کر سکتے ہیں۔ اس میں سند وفات فائل کرنا، میت کو منتقل کرنا، قبرستان یا مردہ خانہ سے متعلق میل جول بنانا اور میت کو قبرستان یا مردہ خانہ تک لے جانا شامل ہے۔
- آخری رسوم سے متعلق ڈائریکٹرز کو ممکن حد تک ہر کسی – عملہ، اور ماتم کناں افراد – کو محفوظ رکھنے کے لیے رہنما خطوط پر عمل کرنا ضروری ہے۔ ان میں ایک وقت میں ایک ہی آخری رسوم ادا کرنا اور حاضری محدود رکھنا شامل ہے۔ (بہت سارے تجہیز خانے ان لوگوں کے لیے ریموٹ اختیارات پیش کرتے ہیں جو بذات خود حاضر نہیں ہو سکتے ہیں۔) نیز، بہت سارے تجہیز خانوں کو بے پایاں درخواستیں مل رہی ہیں، جس کی وجہ سے تاخیر ہو سکتی ہے۔ اپنے فونرل ڈائریکٹرز سے متوقع باتیں پوچھ لینے کو یقینی بنائیں۔ سٹی کی گزارش ہے کہ سماجی دوری بنائے رکھیں اور بڑے گروپوں میں جمع نہ ہوں۔

*اپ ڈیٹس:*

- اگر آپ کا کوئی عزیز **NYC کے دفتر برائے چیف معائنہ کار (Office of Chief Medical Examiner, OCME)** کی تحویل میں ہے تو، OCME تب تک عارضی اسٹوریج فراہم کر رہا ہے جب تک آپ تجہیز و تکفین کے انتظامات نہ کر لیں۔

  اگر آپ کو سٹی کی فراہم کردہ تدفین کی خواہش ہے تو، OCME اس کارروائی میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

  COVID-19 کے ان متاثرین کے لیے بھی تجہیز و تکفین کے معاملے میں میل جول بنا رہا ہے جن کی باقیات کی شناخت نہیں ہوئی ہے اور/یا دعوی نہیں کیا گیا ہے۔

  مزید معلومات کے لیے، nyc.gov/ocme ملاحظہ کریں۔

- گورنر Andrew M. Cuomo نے ایک **ایگزیکیٹو آرڈر** پر دستخط کیا ہے جو کسی بھی ریاست میں لائسنس یافتہ فونرل ڈائریکٹرز کو نیو یارک میں کام کرنے کی اجازت دیتا ہے تاکہ خدمات کی بے پایاں درخواستوں کے معاملے میں مدد ملے۔

## تجہیز خانہ کے ساتھ کام کرنا

### آپ کو حق ہے کہ:

- **یا تو فون پر یا بذات خود انتظامات کرتے وقت عمومی قیمت کی فہرست حاصل کریں۔** اس فہرست میں تمام اسباب تجارت اور خدمات کی قیمتیں شامل ہونی چاہئیں۔ بہت سارے تجہیز خانے "پیکیجز" پیش کرتے ہیں لیکن آپ کو سامان الگ سے خریدنے کا حق ہے۔
- **کسی بھی وقت تجہیز خانے تبدیل کریں۔** آپ کو انجام یافتہ کسی بھی خدمت کے لیے اور جس چیز کی آپ نے منظوری دی ہے اس کے لیے ادائیگی کرنا ضروری ہے۔ تجہیز خانہ کو میت دوسرے تجہیز خانہ میں منتقل کرنے کی اجازت دینا لازمی ہے، چاہے آپ نے ابھی تک ادائیگی نہیں کی ہو۔
- **خدمات اور اسباب تجارت کا ایک مدوار اسٹیٹمنٹ** (رسید) **حاصل کریں** جس میں اسباب تجارت اور خدمات (بشمول نقد پیشگی آئٹمز)، ہر ایک کی قیمت، اور کل لاگت درج ہو۔

### تجہیز خانہ کے لیے غیر قانونی ہے کہ:

- مخصوص اسباب تجارت یا خدمات منتخب کرنے کے لیے آپ پر دباؤ ڈالے
- تجہیز و تکفین کے انتظامات کرنے، میت تیار کرنے یا تدفین کی نگرانی کرنے کے لیے لائسنس یافتہ فونرل ڈائریکٹرز کے علاوہ کسی کو رکھے
- یہ بتائے یا مراد لے کہ فروخت کے لیے پیش کردہ کوئی بھی اسباب تجارت کسی بھی طرح سے غیر اطمینان بخش ہے
- ایسا دعوی کرے جو کسی بھی اسباب تجارت یا خدمات کے بارے میں غلط، گمراہ کن یا غیر مسلمہ ہو
- درج ذیل کے لیے فیس وصول کرے:
  - سند ولادت دائر کرنا یا طبی طور پر اس کی تصدیق کروانا
  - آپ کی جانب سے تیسرے فریقوں کو ادائیگی کرنا ("ہینڈلنگ فیس")
  - آپ کے فراہم کردہ تابوت کو ہاتھ لگانا
  - کوئی بھی ایسی خدمت یا اسباب تجارت جو آپ منتخب کرتے ہیں
  - کسی بقایا بیلنس پر سود (الّا یہ کہ جب انتظامات کا فیصلہ کیا تب اس کا افشاء کر دیا گیا تھا اور مدوار اسٹیٹمنٹ پر درج ہو)

### شکایات

*تجہیز خانہ کی قیمت بندی سے متعلق شکایات کے لیے:*

- NYC محکمہ برائے صارف اور کارکن کے تحفظ کے پاس nyc.gov/dcwp پر یا 311 پر رابطہ کرکے شکایت دائر کرنے کے لیے۔

*تجہیز خانہ یا فونرل ڈائریکٹرز کے بارے میں شکایات کے لیے:*

- نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ صحت کے بیورو آف فونرل ڈائریکٹنگ (Bureau of Funeral Directing) کے پاس health.ny.gov پر شکایت دائر کریں

*قبرستانوں اور مردہ خانوں کے بارے میں شکایات کے لیے:*

- نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ برائے اسٹیٹ ڈویژن آف سیمیٹریز کے پاس dos.ny.gov پر شکایت دائر کریں

## آخری رسوم کے لیے ادائیگی کرنا

- **تدفین سے متعلق اعانت کے لیے درخواست دیں، اگر اہل ہوں۔**

نیو یارک سٹی کے کم آمدنی والے باشندے متوفی کم آمدنی والے نیو یارک کے باشندے کے فیملی ممبر یا دوست کے لیے آخری رسوم کے اخراجات پورا کرنے کے لیے مالی اعانت کی مد میں $1,700 تک کے اہل ہو سکتے ہیں۔ اہل اخراجات کی لاگت $3,400 سے زائد نہیں ہو سکتی۔ آپ کو اس فرد کی وفات کی تاریخ سے 120 دن کے اندر درخواست دینا ضروری ہے۔ مزید معلومات کے لیے:

  - NYC کے ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (Human Resources Administration, HRA) کی ویب سائٹ nyc.gov/hra پر ملاحظہ کریں
  - 1-929-252-7731 پر کال کریں

- **سابق فوجیوں کے لیے تدفین سے متعلق مراعات کے لیے درخواست دیں، اگر آپ اہل ہیں۔**
سابق فوجی، سروس ممبرز، شریک حیات، اور منحصرین سابق فوجیوں (Veterans Affairs, VA) کے قومی قبرستان میں تدفین، نیز دیگر مراعات کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے:
  - va.gov/burials-memorials ملاحظہ کریں
  - کال کریں 1-800-827-1000

- **فون کے ذریعے مفت مالی مشاورت حاصل کریں۔**
اپائنٹمنٹ لینے کے لیے nyc.gov/TalkMoney ملاحظہ کریں۔

- **وصیتوں اور جائیداد کے معاملے میں مفت قانونی مدد حاصل کریں۔**
  - نیو یارک کے قانونی اعانت گروپ (New York Legal Assistance Group, NYLAG) کے COVID-19 لیگل ریسورسز ہاٹ لائن کو کال کریں 1-929-356-9582 پر (پیر تا جمعہ، 10 بجے صبح تا 1 بجے دوپہر)
  - LawHelpNY.org ملاحظہ کریں

- **آپ جو پیسہ خرچ کرتے ہیں اس کا حساب رکھیں۔**
آپ کو اپنے انکم ٹیکس ریٹرن کے لیے یہ معلومات درکار ہوں گی۔

## اہم کاغذی کام اور اطلاعات

پائیں:

☐ **اہم کاغذات ایک ساتھ،** بشمول وصیت، زندگی کے بیمہ کی پالیسیاں اور اسٹاک سرٹیفکیٹس۔

☐ **سند وفات۔** آپ کا فونرل ڈائریکٹر آپ کے سند وفات کا آرڈر کر سکتا ہے، یا آپ NYC محکمہ صحت سے رابطہ کر سکتے ہیں:

- nyc.gov/health پر آن لائن
- nycdohvr@health.nyc.gov پر ای میل کریں
- 1-347-396-7962 پر کال کریں
- dohchat.dirad.com/chat پر لائیو چیٹ کریں (پیر تا جمعہ، 9 بجے صبح تا 5 بجے شام)

مطلع کریں:

☐ **اپنے عزیز کے آجر کو** *(اگر قابل اطلاق ہو)۔*
متوفی کا نام، سوشل سیکیورٹی نمبر، تاریخ وفات فراہم کریں؛ آیا وفات حادثہ یا بیماری کے سبب ہوئی تھی؛ اپنا نام اور پتہ۔ کمپنی پھر کسی قابل ادائیگی مراعات پر فوری طور پر کارروائی شروع کر سکتی ہے۔

☐ **Medicare** کو اگر آپ کے عزیز کے پاس Medicare کوریج تھا؛

- medicare.gov پر آن لائن
- 1-800-633-4227 پر کال کریں

متوفی کا نام، سوشل سیکیورٹی نمبر، تاریخ وفات فراہم کریں؛ آیا وفات حادثہ یا بیماری کے سبب ہوئی تھی؛ اپنا نام اور پتہ۔

☐ **سوشل سیکیورٹی کو:**

- 1-800-772-1213 پر کال کریں (TTY 1-800-325-0778)

آپ آن لائن وفات کی رپورٹ کر یا پسماندگان کی مراعات کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

آپ کو وفات والے مہینے کے لیے یا اس کے بعد موصول کوئی مراعات سوشل سیکیورٹی کو واپس کرنا ضروری ہے۔

## اضافی وسائل

**وفاقی تجارتی کمیشن (Federal Trade Commission, FTC)** (تجہیز خانے بھی چلاتا ہے):

- وسائل، بشمول تجہیز و تکفین کی قیمت کی جانچ فہرست اور تجہیز و تکفین سے متعلق اصطلاحات کی فرہنگ کیلئے consumer.ftc.gov ملاحظہ کریں۔
- FTC کے تجہیز و تکفین سے متعلق اصول کی خلاف ورزیوں کے بارے میں شکایات بھی FTC قبول کرتا ہے۔ FTC انفرادی شکایات میں ثالثی نہیں کرتا ہے لیکن اگر خلاف ورزی کا طرز نظر آئے تو کمپنی کے خلاف کارروائی کر سکتا ہے۔ consumer.ftc.gov ملاحظہ کریں یا (TDD: 1-866-653-4261) (382-4357) 1-877-FTC-HELP پر کال کریں۔

**NYC Well** *(اگر آپ کو کسی سے بات کرنے کی ضرورت ہو تو خفیہ 24/7 ہیلپ لائن):*

- (1-888-692-9355) 1-888-NYC-WELL پر کال کریں
- "WELL" لکھ کر 65173 پر بھیجیں
- NYC.gov/nycwell پر آن لائن چیٹ کریں

**COVID-19 پیٹ ہاٹ لائن (COVID-19 Pet Hotline)** *(اگر آپ کے عزیز کے پاس پالتو جانور تھا اور آپ کو اعانت درکار ہے):*

- 1-877-204-8821 (پیر تا جمعہ، 8 بجے صبح تا 8 بجے رات)